Prime Minister participates in two sessions on the second day of G7 Summit

June 13, 2021

سربراہی اجلاس کے دوسرے دن دو 7 ــوزیر اعظم نے جی نشستوں میں شرکت کی

13 جون، 2021

نئی دہلی۔ 13 جون وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے جی– 7 سربراہی اجلاس کے آؤٹ ریچ سیشن کے دوسرے دن 'بلڈنگ بیک ٹوگیدر— اوپن سوسائٹی اینڈ اکانومیز 'اور 'بلڈنگ بیک گرینر: کلائمٹ اینڈ نیچر' کے عنوان سے منعقدہ دو نشستوں میں حصہ لیا۔

آزاد معاشرہ سے متعلق اجلاس میں اہم اسپیکر کے طور پر تقریر کرنے کی دعوت دیے جانے پر ، وزیر اعظم نے کہا کہ جمہوریت اور آزادی ہندوستان کی تہذیبی رویوں کا حصہ ہیں۔ انہوں نے متعدد رہنماؤں کے ذریعہ سےتشویش کا اظہار کرنے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آزاد معاشرہ خاص طور پر غلط فہمی اور سائبر حملوں کا شکار ہے ۔ انہوں نے اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا کہ سائبر سپیس جمہوری اقدار کو فروغ دینے کے لئے ایک مقام کی حیثیت رکھتا ہے نہ کہ اس کو ختم کرنے کے لیے۔ عالمی حکمرانی کے اداروں کی غیر جمہوری اور غیر مساوی نوعیت کو اجاگر کرتے ہوئے ، وزیر اعظم نے کثیرجہتی نظام کے اصلاح کو آزاد معاشرہ کے تئیں وابستگی کے عزم کا بہترین اشارہ قرار دیا ۔ رہنماؤں نے اجلاس کے اختتام پر'آزاد معاشرے کا بیان ' جاری کیا ۔

ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق اجلاس میں ، وزیر اعظم نےکہا کہ مینار نما ڈھانچے میں کام کرنے والے ممالک سیارے کے ماحول ، حیاتیاتی تنوع اور سمندروں کا تحفظ نہیں کرسکتے ہیں ، اور انہوں نے آب و ہوا کی تبدیلی پر اجتماعی کارروائی کا مطالبہ کیا۔ماحولیاتی کارروائی کے لئے ہندوستان کے غیر متزلزل عزم کے بارے میں ، وزیر اعظم نے 2030 تک صفر اخراج کے حصول کے لئے ہندوستانی ریلوے کی عہدبستگی کا ذکر کیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ہندوستان واحد جی 20 ملک ہے جو پیرس معاہدہ کو پورا کرنے کے تئیں عہد بستہ ہے۔ انہوں نے ہندوستان کی دو اہم عالمی پہل یعنی سی ڈی آر آئی اور بین الاقوامی شمسی اتحاد کی بڑھتی ہوئی اثر انگیزی کا بھی ذکر کیا ۔ وزیر اعظم نے اس بات پر زور دے کر کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو آب و

ہوا کی مالی اعانت تک بہتر رسائی کی ضرورت ہے ۔ انہوں نے ماحولیاتی تبدیلی کے لئے ایک جامع نقطہ نظر اختیار کرنے پر زور دیا ،جس میں تخفیف ، موافقت ، ٹکنالوجی کی منتقلی ، ماحولیات کے لیے مالی اعانت ، حصص ، ماحولیاتی انصاف اور طرز زندگی میں تبدیلی جیسے مسائل کے تمام جہتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

سربراہی اجلاس کے دوران رہنماؤں نے صحت ، ماحولیات تبدیلی اور معیشتوں کی بحالی کے لیے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے میں ، عالمی یکجہتی اور خاص طور پر آزاد اور جمہوری معاشروں اور معیشتوں کے مابین اتحاد کے لیے وزیر اعظم کے پیغام کی ستائش کی۔

-

نئی دہلی

13 جون، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.